# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ڈیرہ غازی خان

نمبر:2973 / رجسٹریشن　　　　﴾نوٹیفکیشن﴿　　　　مورخہ: 05-05-2026

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازی خان

**عنوان: آن لائن رجسٹریشن داخلہ شیڈول برائے داخلہ و تکمیل رجسٹریشن ریٹرن برائے جماعت نہم تعلیمی سیشن 28-2026 معہ ہدایات**

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسنز کی طرف سے جاری لیٹر نمبری SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 25-04-2026 کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان نے الحاق شدہ ادارہ جات (سرکاری و پرائیویٹ) میں اس سال جماعت نہم میں داخلہ لینے والے ریگولر امیدواران کی رجسٹریشن کے لیے درج ذیل شیڈول جاری کیا ہے۔

**1- داخلہ شیڈول**

| سیریل نمبر | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے، آن لائن کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی معہ فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کرانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ جماعت نہم میں داخلہ | 25-04-2026 تا 08-06-2026 |
| 2 | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم / طالبہ (بورڈ کو واجب الادا ہوگی) کے ساتھ جماعت نہم میں داخلہ | 09-06-2026 تا 23-06-2026 |

**2 شرح فیس:** فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس سرکاری ادارہ جات پروسیسنگ، سپورٹس و سکالرشپ فیس (فی امیدوار) | -/1080 روپے |
| 2 | 600 روپے لیٹ فیس سرکاری ادارہ جات پروسیسنگ، سپورٹس و سکالرشپ فیس (فی امیدوار) | -/1680 روپے |
| 3 | بغیر لیٹ فیس پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات رجسٹریشن، پروسیسنگ، سپورٹس و سکالرشپ فیس (فی امیدوار) | -/2580 روپے |
| 4 | 600 روپے لیٹ فیس پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات رجسٹریشن، پروسیسنگ، سپورٹس و سکالرشپ فیس (فی امیدوار) | -/3180 روپے |
| 5 | ری ایڈمیشن فیس (فی طالب علم / طالبہ) | -/1845 روپے |
| 6 | تبدیلی مضمون | -/2400 روپے |
| 7 | تبدیلی گروپ | -/2500 روپے |
| 8 | تصویر درستگی | -/1050 روپے |
| 9 | کوائف (نام، ولدیت، تاریخ پیدائش اور سپیلنگ) درستگی فیس | -/750 روپے |
| 10 | ب فارم نمبر درستگی فیس | -/1500 روپے |
| 11 | مائیگریشن فیس (ڈیرہ غازی خان بورڈ کی حدود میں ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں مائیگریشن) | -/3095 روپے |
| 12 | لوکل مائیگریشن فیس (ڈیرہ غازی خان بورڈ کی حدود میں ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں مائیگریشن) | -/7500 روپے |
| 13 | فیس تبدیلی بلڈنگ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ | -/10000 روپے |

**3- ضروری ہدایات:**

**سربراہان ادارہ جات درج ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔**

(i) مورخہ 23 جون 2026ء کے بعد کسی بھی طالب علم / طالبہ کو داخل کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

(ii) ناظرہ قرآن پاک بمعہ ترجمہ تمام مسلم طلبا و طالبات کے لیے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔

(iii) جملہ تعلیمی ادارے حکومت پنجاب کی جاری کردہ ہدایات / SOPs برائے کرونا وائرس پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

CS CamScanner

(iv) رجسٹریشن کے لیے "ب فارم" نمبر ہونا لازمی ہے۔ طلباء / طالبات کی طرف سے رجسٹریشن ہذا مکمل کرتے وقت "ب فارم" کے کالم میں نادرا کی طرف سے جاری کردہ "ب فارم" نمبر درج کرنا ضروری ہے کیونکہ "ب فارم" نمبر ہی بطور رجسٹریشن نمبر ہوگا۔ طلباء / طالبات کے "ب فارم" نمبر کی بجائے والد / سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر درج کرنا منع ہے۔ "ب فارم" نمبر درج نہ ہونے یا غلط ہونے کی صورت میں نہم سالانہ امتحان 2027 شروع ہونے سے قبل رجسٹریشن ریٹرن میں درستگی مبلغ -/1500 روپے اور نہم کا امتحان شروع ہونے کے بعد رزلٹ کارڈ / سند میں درستگی مبلغ -/3000 روپے فیس کے ساتھ میٹرک برانچ کرے گی۔

(v) پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمین کی طرف سے جاری نوٹیفیکیشن نمبر SO(Baords)Meetings/ PBCC/2024/8/8 مورخہ 16-09-2024 کے مطابق تمام سربراہان ادارہ جات اس بات کو یقینی بنائیں کہ کلاس نہم تعلیمی سیشن 2026-28 میں داخل ہونے والے طالب علم / طالبہ کی عمر یکم اگست 2026 کو کم از کم 11 سال 02 ماہ ہونی چاہیے۔ (01-06-2015) کے بعد پیدائش والے طالب علم / طالبہ کو کلاس نہم میں داخل نہیں کیا جاسکتا۔

(vi) حکومت پنجاب / کنٹرولنگ اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق طلباء / طالبات کی آن لائن رجسٹریشن / داخلہ کلاس نہم تعلیمی سیشن 2026-28 کے وقت دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کی جائے۔ اس ضمن میں ادارہ جات میں تجویز کردہ بائیومیٹرک ڈیوائس (HID Digital Persona 4500 Fingerprint Reader) اور لیپ ٹاپ کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ یاد رہے کہ بائیومیٹرک فنگر پرنٹس کے بغیر آن لائن رجسٹریشن کا پراسس مکمل نہیں ہوگا۔

(vii) مقررہ تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور فیس کا ثبوت دفتر میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد مبلغ -/500 روپے فی یوم کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارہ کی ریٹرن اور فیس موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الادا ہوگا اور ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن اور فیس جمع نہ ہونے پر بھی واجب الادا ہوگا۔ اور یہ بات یاد رکھیں کہ جرمانہ کی ادائیگی سربراہ ادارہ کرے گا اور سربراہ ادارہ جرمانے کی رقم کسی بھی طالبعلم سے ہرگز وصول نہ کرے گا۔ اور لگایا گیا جرمانہ ناقابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس کے بارے میں اپیل کی جاسکے گی۔

## 4۔ آن لائن رجسٹریشن پراسیس (Process) کرنے کا طریقہ

(i) ہر ادارہ User Name / Code اور Password کے مطابق ڈیرہ غازی خان بورڈ کی ویب سائٹ www.bisedgkhan.edu.pk سے اپنے طلباء / طالبات کی رجسٹریشن آن لائن کریں گے۔

(ii) آن لائن رجسٹریشن سسٹم میں ہر طالب علم / طالبہ کے کوائف درج (Add) کیے جاسکتے ہیں اگر کوئی غلطی ہو جائے تو ریکارڈ کو Confirm کرنے سے پہلے درست / Update کیا جاسکتا ہے۔

(iii) اُمیدواران کے ڈیٹا کو Confirm کرنے سے پہلے پروف پرنٹ نکال کر تمام ڈیٹا کو اچھی طرح چیک کر لیا جائے اور اسکے بعد Confirm کیا جائے۔ Confirm کرنے کے بعد ڈیٹا میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوسکے گی اور نہ ہی فارم کو Un-lock کیا جائے گا۔ اگر کوئی تبدیلی مقصود ہو تو رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی موصول ہونے کے بعد بورڈ کے قوانین کے مطابق بعد از درخواست معہ مجوزہ فیس جمع ہونے کے بعد ہوسکے گی۔

(iv) رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء و طالبات کی تازہ ترین پاسپورٹ سائز تصویر Blue (نیلے) Background کے ساتھ سائز فوٹو 40KB تا 60KB .jpg:jpeg Formate میں Scan کرنا لازمی ہوگی۔ فوٹو کی Minimum Height 250 Pixels اور Minimum Width 250 Pixels جبکہ Maximum Height 550 Pixels اور Maximum Width 410 Pixels ہونی ضروری ہے۔

(v) رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی میں درج طلباء / طالبات کی تعداد جمع شدہ آن لائن بنک چالان کے مطابق پوری ہونی چاہیے۔

(vi) رجسٹریشن فیڈ کرنے سے پہلے اپنے سکول کے تمام کوائف چیک کیے جائیں جو کوائف Miss ہوں یا ترمیم کرنے والے ہوں اُن کی ترمیم کریں۔

(vii) تمام سربراہان ادارہ جات اپنی زیرِ نگرانی بنک میں فیس جمع کروانے کو یقینی بنائیں اور رجسٹریشن فیس کمپیوٹرائزڈ بنک چالان پر جمع کروائیں مینول چالان قابل قبول نہ ہوگا۔ فیس کی کمی / ردوبدل کی تمام تر ذمہ داری سربراہان ادارہ جات پر عائد ہوگی۔ ہر ادارہ اپنے جملہ سٹاف کا مکمل ڈیٹا بمعہ موبائل نمبرز تعلیمی قابلیت / عہدہ شناختی کارڈ نمبر آن لائن کر کے اس کی ہارڈ کاپی شعبہ کنڈکٹ کو جمع کرائیں گے۔

5۔ رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی دفتر موصول ہونے کے بعد آپ کے ادارہ کے تمام امیدواران کو اس کے مکمل کوائف (نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ب فارم نمبر، اور مضامین / گروپ) کے متعلق بذریعہ SMS مطلع کیا جائے گا تا کہ امیدواران اپنے کوائف چیک کر سکیں اور کسی قسم کی غلطی کی صورت میں ابتدائی مراحل میں درستگی کرالی جائے۔ اس ضمن میں آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ امیدواران کا رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

6۔(i) رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء / طالبات کے نام / ولدیت کے ہجے (Spelling) و تاریخ پیدائش و مضامین اور تاریخ داخلہ مکمل اور درست لکھے جائیں۔ بعد ازاں مکمل کوائف

طلباء/طالبات کو ملاحظہ کروا کر رجسٹریشن ریٹرن کے متعلقہ فارم پر دستخط کرائے جائیں۔ کسی طالب علم/طالبہ کے دستخط نہ ہونے کی صورت میں -/750 روپے فی طالبعلم/طالبہ کے حساب سے جرمانہ فیس جمع کرانی ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن میں والد کی نام کی بجائے والدہ / سرپرست کا نام درج کرنا سختی سے منع ہے ورنہ سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

(ii) رجسٹریشن ریٹرن میں نام/ولدیت و تاریخ پیدائش درستی کے لیے ادارہ اپنے اکاؤنٹ میں درخواست آن لائن کر کے اس کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ درستی فیس مبلغ -/750 روپے فی غلطی ادا کرنی ہوگی۔ سربراہ ادارہ بمعہ اصل ریکارڈ (داخل خارج رجسٹر) دفتر ہذا تشریف لا کر جناب اسسٹنٹ سیکرٹری رجسٹریشن کو ملاحظہ کرانے کا پابند ہوگا۔ (اس سلسلہ میں دفتر کوئی T.A./D.A ادا نہیں کرے گا) بصورت دیگر درستی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ درستی کا عمل نہم سالانہ امتحان 2027ء شروع ہونے سے قبل ہو سکے گا۔ امتحان شروع ہونے کے بعد درستی بذریعہ کمیٹی مجوزہ فیس کی ادائیگی کے ساتھ کرائی جاسکتی ہے۔ ریٹرن میں غلط سکین (Scan) شدہ تصویر کی درستی نہم سالانہ امتحان 2027 شروع ہونے سے قبل کی جائے گی جس کی فیس مبلغ -/1050 روپے ہوگی۔ کلاس نہم کا امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر کی درستی کے لیے درخواست ڈسپلن برانچ (بذریعہ کمیٹی) جمع کرانی ہوگی۔
مینول رجسٹریشن ریٹرن دستی یا بذریعہ ڈاک ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔

(iii) واضح رہے کہ ری ایڈمیشن لینے والے طلباء/طالبات کے کوائف کی درستگی ریٹرن میں نہیں کی جائے گی۔ درستگی سپیلنگ اور درستگی ب فارم نمبر بذریعہ میٹرک برانچ جبکہ تصویر کی درستگی بذریعہ ڈسپلن کمیٹی ہوگی۔ تبدیلی نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش کی درستگی بذریعہ کمیٹی ہوگی۔

(vi) رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء/طالبات کا اندراج سائنس گروپ و آرٹس گروپ علیحدہ علیحدہ ترتیب سے کیا جائے اور پھر ان میں بھی مضمون وائز اندراج کیا جائے مثلاً فزکس، کیمسٹری، بیالوجی کے طلباء/طالبات کو ایک ساتھ درج کرنے کے بعد ایسے ہی آرٹس کے طلباء/طالبات کے مضامین بھی درج کیے جائیں۔

7- **ری ایڈمیشن** جماعت نہم سالانہ امتحان 2026ء میں 33% سے کم نمبر/غیر حاضر/پاس ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء و طالبات رزلٹ شائع ہونے کے 30 ایام کے اندر بورڈ سے الحاق شدہ (سرکاری /پرائیویٹ) کسی بھی ادارہ میں دوبارہ جماعت نہم میں بطور ریگولر داخلہ لے سکتے ہیں تاہم پاس اُمیدواران کو اپنا نہم کا رزلٹ منسوخ/کینسل کروانا ہوگا۔ دوبارہ داخل کیے گئے تمام طلباء و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن کا ڈیٹا آن لائن کر کے بمعہ فیس مبلغ -/1845 روپے (فی طالب علم/طالبہ) کے حساب سے مقررہ تاریخ تک ڈیرہ غازی خان بورڈ کی حدود میں واقع حبیب بنک میں جمع کرانا لازمی ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مزید 10 یوم کے اندر جمع کرانا ہوگی۔ ریٹرن میں امیدواران کے سابقہ رولنمبر، رجسٹریشن نمبر کا اندراج بھی کیا جائے۔ واضح رہے کہ دوبارہ داخل ہونے والے طلباء/طالبات کو رجسٹریشن نمبر دوبارہ جاری نہیں کیا جائے گا نیز ایسے طلباء/طالبات اپنا مضمون / گروپ بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ دوبارہ داخلے والے (Re-admit) اُمیدواران کو پوری امتحانی فیس بھی ادا کرنا ہوگی۔ صرف نہم سالانہ امتحان 2026ء میں غیر حاضر/فیل/پاس طلباء/طالبات دوبارہ بطور ریگولر داخلہ لینے کے اہل ہوں گے۔ نہم سالانہ امتحان 2025ء یا اس سے قبل طلباء/طالبات دوبارہ کلاس نہم میں داخل ہونے کے اہل نہ ہوں گے۔ پاس امیدواران کا ڈیٹا کینسل کرائے بغیر ری ایڈمیشن سختی سے منع ہے ورنہ سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔ نیز ری ایڈمیشن کے لیے مقررہ 30 ایام گزرنے کے بعد مجوزہ فیس مبلغ -/1845 روپے بمعہ یومیہ جرمانہ -/500 روپے کے ساتھ ریٹرن قابل قبول ہوگی۔ **ایسے پرائیویٹ ادارہ جات جن کا ری ایڈمیشن (نہم کلاس میں دوبارہ داخلہ) شیڈول کی مدت تک نیو الحاق نہ ہوا ہو ان کو ری ایڈمیشن کی اجازت نہ ہے۔**

8 **منسوخی رزلٹ:** جماعت نہم میں پاس طلباء/طالبات نتیجہ کی اشاعت کے 30 ایام کے اندر اپنا رزلٹ/نتیجہ منسوخ/کینسل کروانے کیلئے منسوخی فیس مبلغ -/1600 روپے جمع کرانا ہوگی اس سلسلہ میں میٹرک برانچ بورڈ ہذا سے رابطہ کریں۔ بعد ازاں کسی بھی اُمیدوار/امیدوارہ کا نتیجہ منسوخ/کینسل نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی ایسے طلباء و طالبات کو اداروں میں دوبارہ داخلے کی اجازت ہوگی۔ مقررہ تاریخ کے بعد نہم کا نتیجہ منسوخ/ کینسل کا لیٹر جاری ہونے کی صورت میں مزید 10 ایام کے اندر ڈیٹا آن لائن کر کے رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمعہ فیس جمع کرانی ہوگی۔

9- **ریٹرن میں قطع و برید:** رجسٹریشن ریٹرن میں کسی قسم کی کٹنگ نہ کی جائے اور نہ ہی انک ریمور اور فلیوڈ استعمال کیا جائے ورنہ -/750 روپے فی کٹنگ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

10- **سربراہ ادارہ کی تصدیق:** رجسٹریشن ریٹرن کے ہر پرت / چیک لسٹ کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط اور مہر ثبت ہونی ضروری ہے عدم تکمیل کی صورت میں مبلغ -/750 روپے فی صفحہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن ریٹرن پر دستخط اور مہر ثبت کرنے کے لیے دفتر تشریف لانا ہوگا اور اس سلسلہ میں بورڈ کسی قسم کا کوئی T.A/D.A ادا نہیں کرے گا۔

11- **مخلوط تعلیم پر پابندی:** چونکہ مخلوط تعلیم پر پابندی ہے بوائز سکول میں گرلز اور گرلز سکول میں بوائز کے داخلہ کی اجازت نہ ہے۔ گرلز ادارہ میں Female سٹاف اور بوائز ادارہ میں Male سٹاف تعینات ہونا ضروری ہے۔

12- **سکول سے خارجہ کی اطلاع:** رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے بعد اگر کسی طالب علم/طالبہ کو خارج کیا جائے تو اُس کی اطلاع 15 یوم کے اندر جناب سیکرٹری بورڈ ہذا کو تحریری طور پر کرنا ضروری ہے۔

13۔ **منسوخی رجسٹریشن:** رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر موصول ہونے کے بعد کسی بھی طالب علم/طالبہ کی رجسٹریشن منسوخ نہیں کی جائے گی۔

14۔ **NOC کی بنیاد پر داخلہ** دوسرے بورڈ سے نہم یا دہم جماعت میں Migrate ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کا داخلہ سابقہ ادارہ کے سکول لیونگ سرٹیفکیٹ کی تاریخ خارجہ کے 30 دن تک کیا جا سکتا ہے۔ داخلہ کے بعد 10 یوم کے اندر رجسٹریشن ریٹرن بمعہ NOC اور فیس مبلغ -/2580 روپے کا بنک چالان اور سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی کے ساتھ بورڈ آفس میں جمع کروانا ضروری ہے۔ تاخیر کی صورت میں مبلغ -/500 روپے فی یوم کے حساب سے جرمانہ فیس ادا کرنا ہوگی۔ یہ جرمانہ ناقابلِ معافی ہوگا۔

5 1۔ **بورڈ ہذا کی حدود میں ایک سکول سے دوسرے سکول میں** ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے لئے دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ مجوزہ مائیگریشن فارم پر درج ہدایات کے مطابق درخواست گزاریں اور -/3095 روپے مائیگریشن فیس بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوگی۔ مائیگریشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کے 15 یوم کے اندر ادارہ میں داخلہ ضروری ہے اور نئے ادارہ کے سربراہ کی ذمہ داری ہے کہ (Migrated) طالب علم کا نام ریٹرن فارم میں اندراج کر کے رجسٹریشن ریٹرن فارم وہمراہ دیگر ضروری کاغذات اندریں 10 یوم دفتر بورڈ کو ارسال کریں تاخیر کی صورت میں ادارہ کو -/200 روپے یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ڈبل فیس کی تاریخ کے بعد ہرگز مائیگریشن سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔

16۔ **بیرون ملک سے آمد:** بیرون ملک کے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ ادارہ سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے اُمیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارت خانہ/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال امتحان سے 60 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں۔ ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط وجرمانہ درج بالا شق نمبر 15,14 کے مطابق ہونگی۔

17۔ **مضمون/گروپ تبدیلی:**

| | |
|---|---|
| تبدیلی مضمون/مضامین کی آخری تاریخ | نہم سالانہ امتحان 2027 شروع ہونے سے 30 ایام قبل تک |
| مروجہ فیس برائے تبدیلی فی مضمون -/2400 روپے/تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/2500 روپے | |

نوٹ: سربراہ ادارہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ امیدوار کے مضمون/گروپ تبدیلی کی درخواست اپنے ادارہ کے اکاؤنٹ میں آن لائن کر کے مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ مروجہ فیس کا اصل چالان دفتر کو ارسال کرنا لازمی ہوگا۔

18۔ **ترسیلی فارم:** رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ مجوزہ ترسیلی فارم (Forwarding Letter) ارسال کرنا ضروری ہے اور فیس کا اصل بینک چالان ترسیلی فارم کی پشت پر چسپاں کریں۔ نیز آن لائن ریٹرن پر صفحات کا اندراج کریں اور اس امر کا سرٹیفکیٹ دیں کہ ریٹرن ........ صفحات پر مشتمل ہے مزید یہ کہ ریٹرن کی ہارڈ کاپی دستی یا بذریعہ ڈاک جناب اسسٹنٹ سیکرٹری (رجسٹریشن) تعلیمی بورڈ، ڈیرہ غازی خان کو ارسال کریں۔

19۔ **ضروری وضاحتی نوٹ برائے تدریس نصاب**

(i) ایسے اختیاری مضامین جن کا نصاب/کتب نصاب نہ ہوں یا لیبارٹریز اور مضامین پڑھانے کے لئے ادارہ میں (Sanctioned Post) و کوالیفائیڈ سٹاف تعینات نہ ہو اُن مضامین کی تدریس سے مکمل احتراز کریں۔ بصورت دیگر بورڈ ہذا ایسے مضامین کا امتحان نہیں لے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔

(ii) جملہ امتحانات کے لیے سربراہان ادارہ جات، ادارہ کی بلڈنگ اور فرنیچر برائے امتحانی سنٹر مہیا کرنے کے پابند ہوں گے۔

(iii) کوئی پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ اپنے طلباء وطالبات کے علاوہ کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارے کے طلباء وطالبات کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں نہیں بھجوائے گا نیز سرکاری ادارہ جات کے سربراہان کو بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی پرائیویٹ الحاق شدہ یا غیر الحاق شدہ ادارے کے طلباء وطالبات کی ریٹرن اپنے ادارے کی وساطت سے ہرگز نہ بھجوائے ورنہ ان کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت سخت تادیبی کارروائی کے لیے سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب لاہور اور C.E.O ایجوکیشن متعلقہ ضلع کو لیٹر لکھا جائے گا۔

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ سیکشن آفیسر (بورڈز) HED پنجاب، لاہور 2۔ C.E.O (ایجوکیشن) حدود ڈیرہ غازی خان بورڈ۔
3۔ سیکرٹری جملہ پنجاب بورڈز۔ 4۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔ 5۔ PS ٹو چیئرپرسن۔ 6۔ پی اے ٹو سیکرٹری۔
7۔ پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات۔ 8۔ ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈیرہ غازیخان برائے اشاعت قومی اخبار۔
9۔ الیکٹرانک میڈیا 10۔ ویب ڈویلپر برائے اپ لوڈ بورڈ ویب سائٹ۔

اسسٹنٹ سیکرٹری رجسٹریشن